# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 16

### متن

ساحل سمندر بہت مزے کی جگہ ہے۔ ہم ہر سال دو یا تین مرتبہ کراچی کے ساحل پکنک منانے جاتے ہیں۔ وہاں ہمیں بہت سے لوگ نظر آتے ہیں۔ کچھ تیرنے کی کوشش کرتے ہیں اور کچھ اپنے سرفنگ بورڈ پر لہروں کے بیچ سے گزرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کچھ لوگ صرف آرام کرنا چاہتے ہیں اس لیے ریت پر لیٹ جاتے ہیں۔ بچے ریت کے قلعے بناتے ہیں۔ وہ کوشش کرتے ہیں کہ ان کے قلعے بڑے اور اونچے ہوں۔ بعد میں سمندر کی لہریں ان قلعوں کو بہا لے جاتی ہیں۔ جب لہریں اونچی اور تیز ہوں تو سمندر میں جانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے اور احتیاط کرنی چاہیے۔

### سوالات

**سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)**

ساحل سمندر بہت ــــــــ کی جگہ ہے۔ ہم ہر سال دو یا تین مرتبہ ــــــــ کے ساحل پکنک منانے جاتے ہیں۔ وہاں ــــــــ بہت سے لوگ نظر آتے ہیں۔ کچھ ــــــــ کی کوشش کرتے ہیں اور کچھ اپنے سرفنگ بورڈ پر ــــــــ کے بیچ سے گزرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کچھ لوگ صرف ــــــــ کرنا چاہتے ہیں اس لیے ریت پر لیٹ جاتے ہیں۔ بچے ــــــــ کے قلعے بناتے ہیں۔ وہ کوشش کرتے ہیں کہ ان کے قلعے بڑے اور ــــــــ ہوں۔ بعد میں سمندر کی لہریں ان قلعوں کو ــــــــ لے جاتی ہیں۔ جب لہریں اونچی اور تیز ہوں تو سمندر میں جانے کی ــــــــ نہیں کرنی چاہیے اور احتیاط کرنی چاہیے۔

**سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)**

۱۔ ساحل سمندر بہت ــــــــ کی جگہ ہے۔

پانی　　　　مزے　　　　ساحل

۲۔ ــــــــ ہر سال دو یا تین مرتبہ کراچی کے ساحل پکنک منانے جاتے ہیں۔

وہ　　　　سب　　　　ہم

۳۔ وہاں ہمیں بہت سے لوگ _____ آتے ہیں۔

نظر کم شکر

۴۔ کچھ لوگ ______ کی کوشش کرتے ہیں۔

جانے بہنے تیرنے

۵۔ کچھ لوگ _____ آرام کرنا چاہتے ہیں۔

بس صرف آج

۶۔ بچے _____ کے قلعے بناتے ہیں۔

مٹی ریت گھاس

۷۔ وہ کوشش کرتے ہیں کہ ان کے _____ بڑے اور اونچے ہوں۔

قلعے گھر لوگ

۸۔ بعد میں سمندر کی _____ ان قلعوں کو بہا لے جاتی ہیں۔

باتیں لکڑیاں لہریں

۹۔ جب لہریں اونچی اور ____ ہوں تو سمندر میں جانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے

اونچی تیز کوشش

۱۰۔ جب لہریں اونچی اور تیز ہوں تو ____ کرنی چاہیے۔

احتیاط بات تیاری

**سننے کی مشق کے بعد بات چیت**

کیا آپ کے گھر والے سمندر کی پکنک پر جاتے ہیں؟ سال میں کتنی مرتبہ؟

ساحل سمندر کی پکنک میں آپ کو کیا پسند ہے؟

*************************************